# جاری انکشاف **کو روکنا**

امیدواروں کو انتخابات کے پورے دور کے دوران باقاعدگی سے انکشاف کی اسٹیٹمنٹس درج کروانی ہوں گی۔ انتخاب کے بعد، انہیں وقفے وقفے سے ہر جنوری اور جولائی میں انکشاف کی اسٹیٹمنٹس جمع کروانا جاری رکھنا ہو گا، یہاں تک کہ مہم کمیٹی نے تمام واجب الادا ادائیگی کر دی ہوں، تمام اثاثے درست طریقے سے استعمال کر لیے ہوں اور CFB کو ایک قابل قبول حتمی انکشاف کی اسٹیٹمنٹ جمع کروا دی ہو۔ اپنے انکشاف کا حتمی بیان جمع کروا کے، آپ تصدیق کر رہے ہیں کہ آپ مہم کوئی اضافی مالی سرگرمی نہیں کرے گی۔

ایک مرتبہ CFB انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ قبول کر لے، تو مہم کمیٹی انکشاف کو روک سکتی ہے۔ تاہم، تمام مہمات، بےشک جنہوں نے انکشاف کی حتمی قابل قبول اسٹیٹمنٹ جمع کروا دی ہو، پر کیمپین فائنانس ایکٹ اور CFB قواعد کے تقاضوں کا اطلاق جاری رہے گا اور انہیں انتخاب کے بعد کے آڈٹ کی تکمیل کے دوران CFB کی جانب سے معلومات یا دستاویزات کی کسی بھی درخواست کا جواب دینا جاری رکھنا ہو گا۔

**نوٹ:** ایک ایسی کمیٹی جس نے انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروا دی ہو، مگر انہیں CFB کی جانب سے آگاہ نہیں کیا گیا کہ اسے قبول کر لیا گیا ہے، اسے وقفے وقفے کے ساتھ انکشاف کی اسٹیٹمنٹس جمع کروانا جاری رکھنا ہو گا۔

## میں اپنی انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ کب جمع کروا سکتا/سکتی ہوں؟

امیدوار اپنی انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ انتخابات کے سال کے بعد کی جنوری میں وقفے سے انکشاف کی اسٹیٹمنٹ کی آخری تاریخ سے پہلے جتنا جلدی جمع کروا سکتے ہیں۔ (نوٹ: اگر آپ کی امیدواری انتخابات سے پہلے ختم ہو جاتی ہے اور آپ بیلٹ پر نہ ہوں، تو آپ مقابلہ ختم کرنے کے بعد جمع کروانے کی کسی بھی تاریخ پر انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروا سکتے ہیں۔)

## مجھے اپنی انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروانے میں انتظار کیوں کرنا چاہیے؟

اگر اپ کے پاس بینک بیلنس ہو اور آپ نے واجب الادا رقوم ادا کرنی ہوں یا انتخابات کے بعد آڈٹ یا قانون نافذ کرنے والے اداروں (اگر قابل اطلاق ہو) کو جواب دینے کے لیے استعمال کرنے کے لیے فنڈز جمع کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں، تو انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع **نہ** کروائیں۔

اگر آپ میچنگ فنڈز پروگرام کے شرکت کنندہ ہیں اور آپ کو انتخابات کے دور کے لیے عوامی فنڈز کی ادائیگیوں کی زیادہ سے زیادہ رقم وصول نہیں ہوئی، تو آپ اپنے آڈٹ کی تکمیل کے ساتھ انتخابات کے بعد کی عوامی فنڈز کی ادائیگی کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ (مزید معلومات کے لیے بعد از انتخابات معلومات کا صفحہ دیکھیں۔) اگر آپ بعد از انتخابات عوامی فنڈز سے ادائیگی کے حصول کی کوشش کر رہے ہیں، تو آپ کو اپنی کمیٹی کا بینک اکاؤنٹ بند نہیں کرنا چاہیے اور اپنے آڈٹ کی تکمیل تک مسلسل انکشاف کو جاری رکھنا چاہیے۔

اگر آپ نے انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروائی ہے اور آپ کو احساس ہوتا ہے کہ مہم کو کچھ مالی سرگرمی دوبارہ شروع کرنے کی ضرورت ہے، تو اضافی رہنمائی کے لیے اپنے امیدوارسروسز لائیزان سے رابطہ کریں۔

## میں اپنی انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ کے لیے کیسے تیار ہوں اور اسے جمع کرواؤں؟

1. تمام واجب الادا ادائیگیاں کریں۔ ٹرانزیکشنز (یعنی بلوں کی ادائیگیاں) درج کریں اور تمام دستاویزات C-SMART پر اپ لوڈ کر دیں۔
2. بقیہ کمیٹی فنڈز CFB کو واپس کریں یا اگر آپ کو عوامی فنڈز موصول نہیں ہوئے، تو آپ کو کوئی بھی باقی فنڈز درج ذیل طریقوں سے ختم کر دینے چاہیں:
   - **فنڈز مستقبل کی ایک کمیٹی کو منتقلی کر دیں۔** اس صورت میں، فنڈز مستقبل میں انتخاب کے دور کے لیے اسی امیدوار کی جانب سے مجاز کردہ ایک اور کینڈیڈیٹ کمیٹی کو منتقل کیے جا سکتے ہیں۔ یقینی بنائیں کہ امیدوار انتخاب کے اگلے دور کے لیے پہلے سے رجسٹر شدہ ہو۔ براہ کرم مزید تفصیلات کے لیے منتقلیوں کے متعلق رہنمائی کی دستاویز سے رجوع کریں۔
   - **باقی فنڈز عطیہ کاروں کو واپس کر دیں۔** اپنے حالیہ ترین تعاون ("آخر میں اندر، پہلے باہر") کو واپس کر دینا ایک بہترین طرز عمل ہے۔ ان ٹرانزیکشنز کو C-SMART میں تعاون کے ریفنڈ کے طور پر درج کرنا اور اپنی بعد از انتخابات انکشافی اسٹیٹمنٹ میں ان کی اطلاع دینا یقینی بنائیں۔
   - **باقی فنڈز ایک 501(c)(3) خیراتی ادارے کو عطیہ کر دیں۔** اس عطیے کی دستاویز بندی کرنے والی رسید برقرار رکھنا اور ٹرانزیکشن کو C-SMART میں بل اور بل کی ادائیگی کے طور پر درج کرنا یقینی بنائیں۔
3. اپنی کمیٹی کا بینک اکاؤنٹ بند کر دیں۔ ایک مرتبہ آپ $0 بینک بیلنس پر پہنچ جائیں، تو ایک حتمی ماہانہ اسٹیٹمنٹ، ان تمام بینک ریکارڈز (مثلاً اشیاء کے حساب سے ڈیپازٹ سلپس) کی نقول، جو مہم کے پاس نہیں ہیں، اور اکاؤنٹ کے بند ہونے کی دستاویز بندی کرنے والا ایک خط حاصل کریں۔ اس خط اور تمام بینک اسٹیٹمنٹس اور ریکارڈز کو C-SMART میں Bank Records (بینک ریکارڈز) کے طور پر اپ لوڈ کریں۔
4. C-SMART Cash Flow Report (C-SMART کیش فلو رپورٹ) چلائیں۔ Cash on Hand (کیش آن ہینڈ) کو $0 پر ہونا چاہیے۔ رپورٹ کو پی ڈی ایف کے طور پر ڈاؤن لوڈ کریں۔
5. C-SMART Cash Flow Report (C-SMART کیش فلو رپورٹ) **اور** اپنی حتمی بینک اسٹیٹمنٹ کی ایک نقل امیدوار سروسز لائیزان کو بھیجیں۔ آپ کا لائیزان آپ کو بتائے گا کہ آیا آپ آگے بڑھ سکتے ہیں یا آیا آپ کو اپنی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروانے سے پہلے کوئی مزید اقدامات کرنے ہیں۔
6. آپ کی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروانے کے ایک طے شدہ عرصے کے دوران جمع کروائی جانے والی ایک معیادی انکشافی اسٹیٹمنٹ ہو سکتی ہے یا آپ کی جمع کروائی گئی آخری معیادی اسٹیٹمنٹ میں ترمیم ہو سکتی ہے۔ اگر آپ جمع کروانے کی دو تاریخوں کے درمیان ہوں، تو آپ اگلی معیادی انکشافی اسٹیٹمنٹ جلدی بھی جمع کروا سکتے ہیں۔ جب آپ اسٹیٹمنٹ جمع کروانے کے لیے تیار ہوں:
   - C-SMART میں submission (جمع کروانے) کی ٹیب میں جا کر اور Final Disclosure Report (حتمی انکشافی رپورٹ) منتخب کر کے نشاندہی کریں کہ یہ آپ کی حتمی انکشافی اسٹیٹمنٹ ہے۔


Final Disclosure Report

NY State Election Law requires all campaigns to continue filing with the CFB every January and July until the committee has:

1) Paid all outstanding liabilities and reported all bill payments;
2) Disposed of all campaign assets and;
3) Closed the committee bank account.

If you have met these three criteria, enter the date when you paid your last liability and upload your bank statement showing a zero balance.

The CFB will review your records, verify if you have a reported balance of $0, and notify you if you can cease filing. Regardless, you will remain subject to the requirements of the Campaign Finance Act and CFB Rules and must continue to respond to any requests for information or documentation from the CFB which includes a post-election audit.

Date Last Liability Paid:

- آخری واجب الادا رقم کی ادائیگی کی تاریخ درج کریں۔
- اپنی اسٹیٹمنٹ CFB کو جمع کروائیں۔ آپ کو ماضی کے اندراجات میں ترمیمات جمع کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا ظاہر کردہ بیلنس 0$ ہو۔ براہ کرم یہ دیکھنے کے لیے C-SMART کی نظرثانی کریں کہ آیا تبدیل یا حذف کی جانے والی کوئی ایسی مالی سرگرمی ہے، جس کے لیے ترمیمات جمع کروانے کی ضرورت ہو گی۔

## میں نے اپنی حتمی اسٹیٹمنٹ جمع کروا دی ہے--کیا میرا کام ختم ہو گیا؟

ایک مرتبہ آپ کو آگاہ کر دیا جائے کہ آپ کی انکشاف کی حتمی اسٹیٹمنٹ کو CFB نے قبول کر لیا ہے، تو آپ مسلسل اندراج کو روک سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کی مہم پر کیمپین فائنانس ایکٹ اور CFB قواعد کے تقاضوں کا اطلاق جاری رہے گا اور انہیں انتخاب کے بعد کے آڈٹ کی تکمیل کے دوران CFB کی جانب سے معلومات یا دستاویزات کی کسی بھی درخواست کا جواب دینا جاری رکھنا ہو گا۔